چائلڈ کیئر یا کنڈرگارٹن شروع کرنا؟

بچے کا داخلہ کروانے والے والدین کے لئے امیونائزیشن کے بارے میں معلومات

وکٹوریہ میں داخلے کی ضروریات

قانون کے مطابق[1]، پورے دن کی دیکھ بھال یعنی لانگ ڈے کیئر، کنڈرگارٹن، کسی کے گھر میں دیکھ بھال یعنی فیملی ڈے کیئر یا کبھی کبھار دیکھ بھال یعنی occasional care میں اپنے بچے کے داخلے کو حتمی بنانے کے لئے آپ کو آسٹریلین امیونائزیشن رجسٹر (AIR) سے بچے کی موجودہ امیونائزیشن ہسٹری متعلقہ سروس کو فراہم کرنا ہوگی جس سے یہ پتہ چلتا ہو کہ آپ کے بچے کو اپنی عمر کے لحاظ سے وہ تمام مطلوبہ امیونائزیشنز یعنی حفاظتی ٹیکے لگ چکے ہیں جو اسے لگائے جاسکتے ہیں۔

امیونائزیشن ہسٹری اسٹیٹمنٹ کیا ہے؟

یہ AIR کی جانب سے ایک ایسی اسٹیٹمنٹ ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کے بچے کو کونسی ویکسینز لگ چکی ہیں اور مستقبل میں کونسی ویکسینز ابھی لگنی باقی ہیں اور وہ کب لگنی ہیں۔

AIR میں ریکارڈ شدہ آپ کے بچے کو ملنے والی تمام ویکسینز آپ کے بچے کی امیونائزیشن ہسٹری اسٹیٹمنٹ پر ظاہر ہوں گی۔ اپنے بچے کا AIR پر اندراج کروانے کے لئے آپ کو کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ کے بچے کو ویکسین لگانے والا ادارہ AIR کو اس بات سے آگاہ کردے گا کہ آپ کے بچے کو کونسی ویکسینز لگائی گئی ہیں اور کب لگائی گئی ہیں۔

نیشنل امیونائزیشن پروگرام شیڈول میں شامل ویکسینز مفت فراہم کی جاتی ہیں۔

یہ دستاویز کس مقصد کے لئے استعمال کی جاتی ہے؟

داخلے کو حتمی شکل دینے کے لئے۔ سروس میں داخلے کی پیشکش کو قبول کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ آپ سروس کو موجودہ امیونائزیشن ہسٹری اسٹیٹمنٹ فراہم کریں۔ ایسا عموما اس تاریخ سے دو ماہ قبل کے عرصے کے دوران کیا جاتا ہے جب آپ کے بچے نے سروس جانا شروع کرنا ہو۔

بچوں کو محفوظ رکھنے کے لئے۔ سروس میں کوئی بیماری پھیلنے کی صورت میں اس دستاویز کی مدد سے ایسے بچوں کی شناخت کی جاتی ہے جنہیں خطرہ لاحق ہو (مثال کے طور پر ایسے بچے جو بہت چھوٹے ہیں یا جنہیں بیماری کے خلاف پوری طرح سے امیونائز یعنی محفوظ نہیں کیا جاسکتا) اور جنہیں سروس سے اس وقت تک دور رہنے کی ضرورت ہو جب تک کہ خطرہ ٹل نہ جائے۔

اگر میں اسٹیٹمنٹ حاصل نہ کرسکوں تو ایسی صورت میں کیا ہوگا؟

کچھ صورتوں میں 16 ہفتے کی 'رعایتی مدّت' کا اطلاق کیا جاسکتا ہے، چنانچہ آپ کا بچہ اس دوران سروس میں آسکتا ہے اور آپ اس دوران اسٹیٹمنٹ کے حصول کا انتظام کرسکتے ہیں۔

[1] عوامی صحت اور فلاح وبہبود کے ایکٹ 2008 (Public Health and Wellbeing Act 2008) کے تحت 1 جنوری 2016 سے نافذالعمل

میں امیونائزیشن ہسٹری اسٹیٹمنٹ کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟

اپنے بچے کی اسٹیٹمنٹ حاصل کرنے کا سب سے تیز طریقہ یہ ہے کہ آپ myGov کے ذریعے اپنا میڈی کیئر آن لائن اکاؤنٹ استعمال کریں یا ایکسپریس پلس میڈی کیئر موبائل ایپ استعمال کریں۔

متبادل طور پر، آپ AIR کو 809 653 1800 پر کال کر کے درخواست کرسکتے ہیں کہ آپ کے بچے کی اسٹیٹمنٹ آپ کو بذریعہ ڈاک بھیجی جائے۔ بذریعہ ڈاک آنے میں 14 دن تک کا عرصہ لگ سکتا ہے۔

اگر میرے بچے کو امیونائزیشن یعنی حفاظتی ٹیکے آسٹریلیا سے باہر لگے ہوں یا اگر میرا بچہ میڈی کیئر کے لئے اہل نہ ہو تو ایسی صورت میں کیا ہوگا؟

آپ آسٹریلیا سے باہر لگنے والی امیونائزیشن یعنی حفاظتی ٹیکوں کو AIR میں شامل کروا سکتے ہیں۔ آپ کو اپنے بچے کو آسٹریلیا سے باہر لگنے والی امیونائزیشن ہسٹری کی ایک انگریزی میں ترجمہ شدہ نقل لے کر اپنے آسٹریلوی امیونائزیشن پرووائیڈر کے پاس جانا ہوگا۔ وہ آپ کے بچے کو لگنے والی ویکسینز چیک کریں گے اور اگر اضافی ویکسینز لگنے کی ضرورت ہوئی تو آپ کو بتائیں گے۔ وہ آسٹریلیا سے باہر لگنے والی ویکسینز کے ساتھ ساتھ کسی طرح کی نئی لگنے والی ویکسینز کا AIR میں اندراج کردیں گے۔

جب آپ کے بچے کی امیونائزیشنز کا اندراج AIR میں ہوجائے تو اپنے امیونائزیشن پرووائیڈر سے کہیں کہ وہ آپ کو AIR سے امیونائزیشن ہسٹری اسٹیٹمنٹ کا ایک پرنٹ دے دیں تاکہ آپ اپنی چائلڈ کیئر یا کنڈرگارٹن سروس کو وہ پرنٹ فراہم کرسکیں۔

متبادل طور پر آپ AIR کو 809 653 1800 پر کال کرکے چیک کرسکتے ہیں کہ آیا آپ کے بچے کی امیونائزیشن ریکارڈ کرلی گئي ہے اور درخواست کرسکتے ہیں کہ اسٹیٹمنٹ آپ کو بذریعہ ڈاک بھیجی جائے۔ بذریعہ ڈاک آنے میں 14 دن تک کا عرصہ لگ سکتا ہے۔

ترجمے اور زبانی مترجم کی خدمت سے مدد لینے کے لئے انہیں سوموار تا جمعہ صبح 8.30 بجے سے شام 4.45 بجے تک 450 131 پر کال کی جاسکتی ہے۔

کیسے پتہ چلے گا کہ میرا بچہ 'اپ ٹو ڈیٹ' ('up to date') ہے؟

اپنے بچے کی موجودہ امیونائزیشن ہسٹری اسٹیٹمنٹ دیکھیں۔ امیونائزیشن ہسٹری اسٹیٹمنٹ کے اوپر 'Up to date' لکھا ہوا نظر آئے گا۔

اسٹیٹمنٹ کے نیچے 'Next due immunisation(s)' (یعنی مستقبل میں لگنے والی امیونائزیشنز) یا 'No vaccines due' (یعنی مزید ویکسینز نہیں لگنی) لکھا ہوگا۔ اگر اگلی امیونائزیشن کی تاریخ مستقبل میں ہے تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کا بچہ اپنی عمر کے لحاظ سے اپ ٹو ڈیٹ ہے۔

اگر آپ کے بچے کو بچپن کی تمام امیونائزیشنز لگ چکی ہیں تو ‘No vaccines due’ (یعنی مزید ویکسینز نہیں لگنی) لکھا ہوگا

جب میرے بچے کو داخلے کے بعد امیونائزیشنز لگیں تو مجھے کیا کرنا ہے؟

ہر امیونائزیشن کے بعد، آپ کو امیونائزیشن ہسٹری کی تازہ اسٹیٹمنٹ اپنے بچے کی سروس کو فراہم کرنی ہوگی تاکہ وہ اسے اپنے ریکارڈز میں شامل کرلے۔ آپ کے بچے کی سروس آپ کو گاہے بگاہے یاد دہانی کرواتی رہے گی کہ آپ کو ایسا کرنے کی ضرورت ہے۔

درست دستاویزات حاصل کرنا

صورتحال	تجویز
AIR امیونائزیشن ہسٹری اسٹیٹمنٹ کا **کھو جانا**	کاپی تک رسائی حاصل کرنے کے لئے myGov کے ذریعے اپنا میڈی کیئر آن لائن اکاؤنٹ استعمال کریں یا ایکسپریس پلس میڈی کیئر موبائل ایپ استعمال کریں یا پھر AIR کو 809 653 1800 پر کال کر کے درخواست کریں آپ کو کاپی بذریعہ ڈاک بھیجی جائے۔ بذریعہ ڈاک آنے میں 14 دن تک کا عرصہ لگ سکتا ہے۔
AIR امیونائزیشن ہسٹری اسٹیٹمنٹ پر **غلط معلومات درج ہیں**	اگر اسٹیٹمنٹ پر سے کچھ امیونائزیشنز غائب ہیں تو اپنے امیونائزیشن پرووائیڈر سے معلوم کریں کہ انہوں نے وہ معلومات AIR کو بھیجیں ہیں۔ AIR پر معلومات کا اندراج ہوجانے کے بعد آپ تازہ ترین کاپی حاصل کرنے کے لئے myGov کے ذریعے اپنا میڈی کیئر آن لائن اکاؤنٹ استعمال کرسکتے ہیں یا ایکسپریس پلس میڈی کیئر موبائل ایپ استعمال کرسکتے ہیں۔
کوئی ایک ویکسینیشن **نہ لگوائی گئی ہو**	ڈاکٹر یا امیونائزیشن نرس سے ملیں۔ ڈاکٹر یا نرس ویکسینیشن لگا کر AIR کو مطلع کردیں گے۔ AIR پر معلومات کا اندراج ہوجانے کے بعد آپ تازہ ترین کاپی حاصل کرنے کے لئے myGov کے ذریعے اپنا میڈی کیئر آن لائن اکاؤنٹ استعمال کرسکتے ہیں یا ایکسپریس پلس میڈی کیئر موبائل ایپ استعمال کرسکتے ہیں۔
ایک سے زائد ویکسینیشنز **نہ لگوائی گئی ہوں**	ڈاکٹر یا امیونائزیشن نرس سے مل کر 'مکمل کرنے کے شیڈول' یا ‘catch-up schedule’ پر بات کریں۔ ہر ویکسیشن کے بعد وہ AIR میں اس کا انراج کردیں گے۔ AIR پر معلومات کا اندراج ہوجانے کے بعد آپ اپنے بچے کی امیونائزیشن ہسٹری اسٹیٹمنٹ کی کاپی حاصل کرنے کے لئے myGov کے ذریعے اپنا میڈی کیئر آن لائن اکاؤنٹ استعمال کرسکتے ہیں یا ایکسپریس پلس میڈی کیئر موبائل ایپ استعمال کرسکتے ہیں۔
طبی وجوہات	اگر آپ کے بچے کو طبی وجوہات کی بناء پر ساری امیونائزیشنز نہیں لگ سکتیں تو آپ کو ایک اہل ڈاکٹر کے پاس جانا ہوگا جو ہو سکتا ہے کہ امیونائزیشن سے استثنی جاری کردے۔ یہ معلومات AIR پر ریکارڈ کرلی جائیں گی جن میں ان ویکسینز کا ذکر ہوگا جو طبی وجوہات کی بناء پر آپ کو بچے کو نہیں لگ سکتیں۔ اگر طبی وجوہات کی بناء پر آپ کے بچے کا استثنی AIR پر درج ہے تو یہ معلومات اسٹیٹمنٹ کے نیچے ظاہر ہوں گی جن میں ان ویکسینز کا ذکر ہوگا جو آپ کے بچے کو نہیں لگائی جاسکتیں۔
امیونائزیشن کے بارے میں **سوالات یا تشویشات**	اپنے ڈاکٹر سے مشورہ لیں یا اپنی مقامی کونسل کی امیونائزیشن سروس سے رابطہ کریں۔

.

بچپن میں امیونائزیشن کا شیڈول

نیشنل امیونائزیشن پروگرام (NIP) شیڈول میں درج شدہ ویکسینز بچوں کو پیدائش پر، 2، 4، 6، 12 اور 18 ماہ اور 4 سال کی عمر میں مفت فراہم کی جاتی ہیں۔

یہ معلوم کرنے کے لئے کہ آپ کے بچے کو کن امیونائزیشنز کی ضرورت ہے:

- اپنے ڈاکٹر سے ملیں یا اپنی مقامی کونسل کی امیونائزیشن سروس سے رابطہ کریں
- VaxOnTime Victoria ایپ مفت ڈاؤن لوڈ کرکے اپنے بچے کی امیونائزیشنز کی یاد دہانیاں موصول کریں۔ یہ ایپ iOS اور Android ڈیوائسز کے لئے دستیاب ہے۔

مزید معلومات

Better Health Channel

مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر ‘childhood immunisation’ تلاش کریں:

www.betterhealth.vic.gov.au

Australian Government Department of Health & Ageing Immunise Australia Program

www.immunise.health.gov.au

اس دستاویز کے ترجمہ شدہ شماروں کے لئے مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر ‘starting childcare or kindergarten’ تلاش کریں:

www.healthtranslations.vic.gov.au

اس اشاعت کو معذور افراد کے لئے دوستانہ شکل میں حاصل کرنے کے لئے 008 882 1300 پر فون کریں، ضرورت ہونے پر نیشنل ریلے سروس 36 13 77 استعمال کریں یا immunisation@dhhs.vic.gov.au پر ای میل کریں

حکومت وکٹوریہ 1 Treasury Place, Melbourne نے اجازت دی اور شائع کیا۔

© State of Victoria، اگست 2018

Starting childcare or kindergarten?

Immunisation information for parents enrolling a child

Enrolment requirements in Victoria

By law[1], to finalise enrolment for your child in long day care, kindergarten, family day care or occasional care you must provide the service with a current Immunisation History Statement from the Australian Immunisation Register (AIR) that shows your child is up to date with all the immunisations that are due or able to receive for their age.

What is an Immunisation History Statement?

It is a statement from the AIR that shows what vaccines your child has received and, if applicable, which vaccines are due in the future and when.

All vaccines recorded on the AIR will appear on your child's Immunisation History Statement. You don't need to do anything to get your child on the AIR. Your vaccination provider will tell the AIR when they give your child a vaccine and which vaccines they have given.

Vaccines on the National Immunisation Program Schedule are provided free.

What is this document used for?

To finalise enrolment. To accept an offered place at a service, you must provide the service with a current Immunisation History Statement. This is usually done within two months before your child is due to start at the service.

To keep children safe. If there is a disease outbreak at the service, the document is used to identify children at risk (for example, children too young or those who can't be fully immunised against a disease) who may need to stay away from the service until it is safe for them to return.

What if I cannot get a statement?

In some circumstances a 16 week 'grace period' can be applied, so your child can start at the service while you arrange to get a statement.

[1] Under the Public Health and Wellbeing Act 2008, in effect from 1 January 2016

How do I get an Immunisation History Statement?

The quickest way to get your child's statement is by using your Medicare online account through myGov or the Express Plus Medicare mobile app.

Alternatively, you can call the AIR on 1800 653 809 to request your child's statement be posted to you. It can take 14 days to arrive by post.

What if my child has had immunisations overseas or they are not eligible for Medicare?

You can get overseas immunisations added to the AIR. You need to take a translated copy of your child's overseas immunisation history to your Australian immunisation provider. They will check the vaccines your child has had and tell you if any additional ones are required. They will update the AIR with immunisations given overseas as well as any new ones.

When your child's immunisations are recorded on the AIR, ask your immunisation provider if they can print an Immunisation History Statement from the AIR for you to give to your childcare or kindergarten service.

Alternatively, you can call the AIR on 1800 653 809 to check if your child's immunisations have been recorded and request a statement to be posted to you. It can take up to 14 days to arrive by post.

A translating and interpreting service is available by calling 131 450, Monday to Friday from 8.30am to 4.45pm.

How do I tell if my child is 'up to date'?

Look at your child's current Immunisation History Statement. 'Up to date' will appear at the top of the Immunisation History Statement.

At the bottom it will show 'Next due immunisation(s)' or 'No vaccines due'. If the date of the next due immunisation is in the future, then your child is up to date for their age.

If your child has completed all their childhood immunisations it will show 'No vaccines due'.

VICTORIA State Government | Health and Human Services

What do I do when my child has immunisations AFTER enrolling?

After each immunisation, you should provide an updated Immunisation History Statement to the service to include in their records. Your service will periodically remind you that you need to do this.

Getting the right documentation

Scenario	Advice
Lost ACIR Immunisation History Statement	Use your Medicare online account through myGov or Express Plus Medicare mobile app to access a copy or call the AIR on 1800 653 809 and request a copy be posted to you. It can take up to 14 days to arrive by post.
Incorrect information recorded on the AIR Immunisation History Statement	If immunisations are missing from a statement, contact your immunisation provider to check if they have sent to the AIR. Once the information is recorded on the AIR, you can access an updated copy using your Medicare online account through myGov or Express Plus Medicare mobile app.
Overdue for a vaccination	See a doctor or immunisation nurse. The doctor or nurse will provide the vaccination and advise the AIR. Once the AIR has been updated you can access a copy using your Medicare online account through myGov or Express Plus Medicare mobile app.
Overdue for multiple vaccinations	See a doctor or immunisation nurse to discuss a 'catch-up schedule'. As each vaccination is given they will update the AIR. Once the information is received by the AIR, you can access a copy of your child's Immunisation History Statement using your Medicare online account through myGov or Express Plus Medicare mobile app.
Medical reasons	If your child can't be fully immunised for medical reasons, you will need to visit an eligible doctor who may provide an immunisation medical exemption. This information will be recorded on the AIR, noting the vaccines your child cannot receive for medical reasons. If your child has an immunisation medical exemption recorded on the AIR, information will appear at the bottom of the statement noting the vaccines they are unable to receive.
Questions or concerns about immunisation	Seek advice from your doctor or contact your local council immunisation service.

.

Childhood immunisation schedule

Vaccines listed on the National Immunisation Program (NIP) schedule are provided free to children at birth, 2, 4, 6, 12 and 18 months and 4 years of age.

To find out what immunisations your child needs:

- see your doctor or contact your local council immunisation service
- receive reminders when your child's immunisations are due by downloading the free VaxOnTime Victoria app, available for iOS and Android devices.

More information

Better Health Channel

Search 'childhood immunisation' at:
www.betterhealth.vic.gov.au

Australian Government Department of Health & Ageing Immunise Australia Program

www.immunise.health.gov.au

For translated versions of this document search 'starting childcare or kindergarten' at:
www.healthtranslations.vic.gov.au

To receive this publication in an accessible format phone 1300 882 008, using the National Relay Service 13 36 77 if required, or email immunisation@dhhs.vic.gov.au

Authorised and published by the Victorian Government, 1 Treasury Place, Melbourne. © State of Victoria, August 2018.